Media Release

برائے فوری اجراء

ووٹ دینے کو 100 دن رہ گئے – کیا آپ تیار ہیں؟

برامپٹن، آن (15 جولائی 2022) – بروز اتوار، 17 جولائی، کو اس دن میں 100 دن رہ جائیں گے، جب برامپٹن کے ووٹرز کو بروز پیر، 24 اکتوبر 2022 کو میونسپل اور اسکول بورڈ کے انتخابات میں ووٹ دینے کا اہم فیصلہ کرنا ہو گا۔

ووٹ دینا آسان ہے – ووٹرز کے لیے یہ کچھ مفید یاددہانیاں ہیں:

- **تعین کریں کہ آیا آپ ایک اہل ووٹر ہیں:** آپ ووٹ دینے کے لیے اہل ہوں گے، اگر آپ کم از کم 18 سال عمر کے کینیڈیئن شہری ہیں اور برامپٹن میں رہتے ہیں (یا برامپٹن میں جگہ کے مالک یا کرایہ دار ہیں یا آپ کے شریک حیات ایسے مالک یا کرایہ دار ہیں)۔
- **ووٹرز لسٹ پر اپنی معلومات کی تصدیق کریں:** یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کی معلومات درست اور تازہ ترین ہیں، voterlookup.ca ملاحظہ کریں۔ یہ ویب سائیٹ 21 جولائی 2022 تک فعال ہو گی۔ اس کے بعد، ووٹرز 1 ستمبر سے شروع کرتے ہوئے اپنی معلومات سٹی کی ویب سائیٹ پر چیک کر سکیں گے۔
- **اپنے وارڈ کو جانیں:** اگر آپ کو یقین نہیں کہ آپ کس وارڈ میں رہتے ہیں، تو یہاں چیک کریں۔
- **اپنے وارڈ میں کسی بھی جگہ ووٹ ڈالیں:** 24 اکتوبر کو، آپ اپنے وارڈ میں انتخابات کے کسی بھی مقام سے ووٹ دے سکتے ہیں۔ ووٹنگ کے مقام کی معلومات سٹی کی ویب سائیٹ پر ستمبر میں دستیاب ہوں گی۔
- **پیشگی ووٹنگ کی تاریخیں:** اگر آپ 24 اکتوبر کو ووٹ نہیں دے سکتے، تو 7، 8،9، 14 یا 15 اکتوبر کو ایڈوانس ووٹنگ کے دنوں میں سے کسی ایک پر ووٹ دینے کا سوچیں۔ ایڈوانس ووٹنگ کے مقام کی معلومات سٹی کی ویب سائیٹ پر ستمبر میں دستیاب ہوں گی۔ ایڈوانس ووٹنگ کمیونٹی کے ایسے اراکین کے لیے بھی اچھا انتخاب ہے، جو دیوالی اور بندی چھور دیواس مناتی ہیں، جو اس سال ووٹنگ کے دن پر ہی آتے ہیں۔
- **پراکسی ووٹنگ:** اگر آپ ایک اہل برامپٹن ووٹر ہیں، جو ووٹنگ کی تاریخوں یا ایڈوانس ووٹنگ کی کسی بھی تاریخ پر نہیں آ سکتے، تو آپ اپنی جانب سے ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے اہل برامپٹن ووٹر کو مقرر کر سکتے ہیں۔ کوئی بھی شخص، جس کا نام ووٹرز لسٹ میں ہو یا جسے ووٹرز لسٹ میں شامل کیا گیا ہو، پراکسی کے ذریعے ووٹ دے سکتا ہے۔ پراکسی ووٹنگ کے متعلق مزید معلومات جلد ہی سٹی کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہوں گی۔
- **ہوم ووٹنگ سروس:** اہل ووٹرز، جو بیماری، چوٹ یا معذوری کی وجہ سے گھر میں محدود ہیں، 11، 12 اور 13 اکتوبر کو ہوم ووٹنگ سروس کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اہلیت کی شرائط پر پورا اترنے والوں کے لیے محدود اپوائنٹمنٹس دستیاب ہوں گی۔ اس سروس اور اپوائنٹمنٹ کے عمل کے متعلق مزید معلومات جلد ہی سٹی کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہوں گی۔
- **اپنی آئی ڈی لائیں:** ووٹرز کو ووٹ دینے کے لیے اپنا نام اور اہلیت والا برامپٹن کا پتہ ظاہر کرنے والی کوئی شناختی دستاویز ساتھ لانی ہو گی۔ ووٹ دینے سے پہلے شناخت کے لیے قابل قبول دستاویزات سے رجوع کریں۔

اضافی یاددہانیاں:

- **الیکشن پر کام کریں:** میونسپل الیکشن ورکر بننے اور ووٹنگ کے دن پر انتظامی اور کسٹمر سروس کے افعال میں مدد دینے کے لیے ابھی درخواست دیں۔ 2,000 سے زیادہ آسامیاں خالی ہیں۔ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے برامپٹن کے رہائشیوں کو ترجیح دی جائے گی۔ نئی مہارتیں حاصل کرنے، سٹی کے عملہ کو پہچاننے اور اپنی کمیونٹی سے مربوط ہونے کا یہ سنہری موقع ہے۔
- **نامزدگی کا دن:** ممکنہ امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی بروز جمعہ، 19 اگست کو دن 2 بجے تک جمع کروا سکتے ہیں۔ امیدوار کی اہلیت اور نامزدگی کے عمل کے متعلق معلومات یہاں دستیاب ہیں۔
- **فریق ثالث کی تشہیر:** فریق کے ممکنہ ایڈورٹائیزرز برامپٹن میں تشہیر کرنے کے لیے 21 اکتوبر تک رجسٹریشن جمع کروا سکتے ہیں۔ فریق ثالث کی تشہیر کی اہلیت کے تقاضوں اور رجسٹریشن کے عمل کے متعلق معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

2022 میونسپل اور اسکول بورڈ الیکشن کے متعلق مزید معلومات کے لیے، www.brampton.ca/bramptonvotes ملاحظہ کریں۔

اقتباس

"سڑکوں، پارکس، تفریح اور ٹرانزٹ جیسی بلدیاتی خدمات رہائشیوں کی روزمرہ زندگی کا حصہ ہیں۔ میونسپل اور اسکول بورڈ کے الیکشن میں ووٹ دینا ہمارے شہر کو شکل دینے کا ایک اہم طریقہ ہے اور ایڈوانس ووٹنگ کے دنوں، ہوم ووٹنگ اور اپنے وارڈ میں کسی بھی جگہ سے ووٹ دینے کی صلاحیت کے ساتھ، یہ سب لوگوں کے لیے آسان بھی ہے۔ میونسپل اور اسکول بورڈ الیکشن میں صرف 100 دن رہ جانے کے ساتھ، یقینی بنائیں کہ آپ کا ووٹ دینے کے لیے منصوبہ ہو!"

- پیٹر فے، سٹی کلرک اور ریٹرننگ آفیسر، سٹی آف برامپٹن

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca